سوال

(750) ''ہمارے درمیان جو عہد وپیمان تھا وہ ختم ہوا'' کہنے سے طلاق ہوجاتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر شوہر نے اپنی بیوی سے یوں کہہ دیا ہو کہ ہمارے درمیان جو عہد وپیمان تھا وہ ختم ہوا، کیا اس سے طلاق ہوجاتی ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر شوہر نے اس کلام سے طلاق مراد لی ہو تو طلاق ہو جائے گی۔ اگر اس کی یہ نیت نہ ہو تو نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہ کنایہ کے الفاظ ہیں، اس لیے بولنے والے کی نیت جاننا بہت ضروری ہے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 538

محدث فتویٰ